پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

09/12/2021

رورل بیکیارڈ کے تحت سور پروری اسکیم کے لیے 25.20 لاکھ روپئے کی رقم منظور

لکھنؤ:9/دسمبر 2021

اتر پردیش حکومت نے قومی مویشی پروری مینجمنٹ پروگرام کے تحت رورل بیکیارڈ کے تحت سور پروری اسکیم کے لیے 25.20 لاکھ روپئے کی رقم رواں مالیاتی سال میں منظور کی ہے۔

محکمہ مویشی پروری کے ذریعہ اس ضمن میں حکم نامہ جاری کرتے ہوئے اسکیم کی فعالیت کے لیے ڈائرکٹر، انتظامیہ اور ترقیات، محکمہ مویشی پروری کو ضروری ہدایت دی گئی ہے۔حکم نامہ میں کہا گیا ہے کہ منظور رقم کی نکاسی اور خرچ حکومت ہند نیز ریاستی حکومت کے ذریعہ ایس سی ایس پی/ٹی ایس پی کے تحت مقررہ معیاروں وہدایتوں پر عمل کو یقینی بناتے ہوئے کیا جائے۔

☆☆☆☆☆